17/02/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میناعجازہ اختر

PM

امپیکٹ سمٹ ایکسپو کا AI وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلی کے بھارت منڈپم میں انڈیا افتتاح کیا۔ انہوننے ایکسپو میں لگائے گئے سٹالز کا بھی معائینہ کیا ۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ ہم وطنوں کیلئے بہت فخر کی بات ہے کہ پوری دنیا سے لوگ اس سمٹ میں شرکت کر نے کی غرض سے آرہے ہیں۔ انہوننے کہاکہ بھارت ہر ایک شعبے میں مصنوعی ذہانت بروئے کار لا رہا ہے اور وہ دنیا کو بھی بہترین حل فراہم کرنے کی غرض سے کام پر لگے ہوئے ہیں۔

....

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر میں چودہ مزید سیاحتی مقامات کوفوری طور پر دوبارہ کھولنے کے احکامات جاری کئے ہیں ۔ ان میں وادی کشمیر کے 11اورجموں صوبے کے تین مقامات شامل ہیں۔

احتیاطی اقدام کے طور پر عارضی طور سے بند رکھنے کے بعد ان مقامات کو کھولنے کا یہ فیصلہ تفصیلی صلاح و مشورے اور سکیورٹی جائزے کے بعد لیا گیا ہے ۔

ایل جی ملاقات

کے سینئر لیڈر BJP جموں کشمیر ہائی کورٹ بار ایسو سی ایشن جموں کے صدراور ایڈوکیٹ ابھینو شرما نے لوک بھون جموں میںلیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران بھدواہ کے اسمبلی ممبر دلیپ سنگھ پریہار بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقی ہوئے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہاہے کہ حکومت لوگوں کو عوام دوست حکمرانی عمل دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے ۔ سول سیکریٹریٹ جموں مینمتعدد وفود کے ساتھ بات کرتے

ہوئے انہوننے کہاکہ ترقیاتی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل اور لوگوں کی ہر ایک شعبے میں راحت رسانی کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ۔

ورکشاپ

سرینگرمیں SKICC اسکیم کے تحت DISHA قانون اور انصاف کی مرکزی وزارت کی طرف سے آج ایک ورکشاپ کا انعقاد کیاجار ہا ہے ۔ ورکشاپ کا انعقاد ٹیکنالوجی پر مبنی انصاف اور قانونی خدمات کے نظام کو تقویت بخشنے کی ایک کڑی کے طور پر ہو رہا ہے۔

دورہ

کی طرف سے منعقدہ Aizawl میزو رم سے تعلق رکھنے والا ایک میڈیا وفد پریس انفارمیشن بیورو پانچ روزہ پریس ٹور کے ایک حصے کے طور پر سرینگر پہنچ گیاسرینگر پہنچنے پرڈائریکٹر سرینگر سلمان قاضی نے وفد کا والہانہ استقبال کیا۔ اس موقعے پرانہیںحکومت کی اسکیموں PIB کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا۔

سرینگر

ضلع انتظامیہ سرینگر نے سرکاری اسکولوں کو جدیدیت سے ہمکنار کرانے کیلئے
آلا ت فراہم کئے ہیں تاکہ ان اسکولوں میں بچے ٹیکنالوجی IT 114اسکولونکو کمپوٹر سسٹم اور کے مختلف پہلوؤں سے روشناس ہو سکیں ۔اس تعلق سے ہائر اسکنڈری اسکول کوٹھی باغ میں چیف ایجوکیشن آفیسر سرینگر کی طرف سے ایک تقریب منعقد کی گئی۔ جس کی صدارت ضلع اکشے لابرو نے کی -DC کے

آفیسر شاہ اسمائیل Statics & Evaluationتقریب پر چیف پلاننگ آفیسر فیاض احمد ڈار ، انجم راجا ، گورنمنٹ گرلز ہائر CEO بنگرو، چیف ایجوکیشن آفیسر سرینگر غلام محی الدین ، ڈپٹی اسکنڈری اسکول کوٹھی باغ کی پرنسپل ڈاکٹر سمینا وانی اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

پروگرام اطلاع

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:۔

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ناگہانی آفات سے متاثرہ کنبوں کے حق میں بر وقت اور موثر ریلیف و اگذار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔ جموں میں ڈیزاسٹر منیجمنٹ ریلیف اور باز آباد کاری محکمے کی سٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی کی چوتھی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ناگہانی آفات سے متاثرہ لوگوں کیلئے حکومت کی امداد کافی فائدہ بخش ثابت ہو سکتی ہے ۔ لہٰذا بلا کسی تاخیر کے ان مینریلیف واگذار کی جانی چاہئے ۔ میٹنگ میں پرنسپل سیکریٹری داخلہ چندریکر بھارتی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

CSIR

سرینگربرانچ کی طرف سے کل سے بائیو میڈیکل ریسرچ اینڈ ڈرگ ڈسکوری سے CSIR-IIIM متعلق تین روزہ سکل ڈیولپمنٹ پروگرام شروع ہوا ۔ ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمدنے اپنے افتتاحی خطبے میں بائیو میڈکل ریسرچ اور ڈرگ ڈسکوری کے مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا
ACB نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت0 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ